ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 26] [ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 4

Total No. of Questions : 26] [Total No. of Printed Pages : 4

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 258-U (NS)

Code No. : 258-U (NS)

ಕಲಿಯನ್ನು ಅನುಕೂಲಿಸುವುದು – ವಿಜ್ಞಾನ

(ಐಚ್ಛಿಕ ವಿಷಯ)

FACILITATING LEARNING – SCIENCE

(OPTIONAL)

(ಹೊಸ ಪಠ್ಯವಸ್ತು)

(New Syllabus)

(ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ)

(Urdu Version)

ದಿನಾಂಕ : 02. 07. 2015]

Date : 02. 07. 2015]

ಸಮಯ : ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 2.00 ರಿಂದ 5.00 ರವರೆಗೆ] [ಪರಮಾವಧಿ ಅಂಕಗಳು : 60

Time : 2.00 P.M. to 5.00 P.M.] [Max. Marks : 60

ಅಭ್ಯರ್ಥಿಯ ನೋಂದಣಿ ಸಂಖ್ಯೆ

Register Number of the Candidate

PART-I

درج ذیل ہرسوال کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں ۔ مناسب ترین جواب چنیں اور جوابی پرچہ میں لکھیں۔ سبھی سوالات لازمی ہیں۔ 10 × 1 = 10

1. کاجو بادام کی کاشت پر اینڈوسلفان (Endosulfan) نامی کیمیائی مادّے کے چھڑکنے سے جنوبی کنڑ ضلع پر تباہ کن اثرات مرتّب ہوئے۔ اسکی وجہ تھی

(A) سائنسدانوں کے ذریعہ کئے گئے سماجی اثرات کا ناکافی تجزیہ ہے

(B) کیمیائی مادّے چھڑکنے والوں کی لاپرواہی ہے

(C) لوگوں کی لاعلمی ہے

(D) آفس کے ذمّہ داران کی بدعنوانی ہے

2. کھانے والی غذاؤ میں اسٹارچ (Starch) کی موجودگی کو جانچنے والی تحلیل (Solution) کا نام ہے

(A) ہلکی سلفیورک ایسڈ (Dilute sulphuric acid)

(B) آیوڈین کا تحلیل (Iodine Solution)

(C) بینڈ یکٹ کا تحلیل (Benedict Solution)

(D) کاؤسٹک سوڈا (Caustic Soda)

3. سائنسی تحقیق کا کام ہوتا ہے

I. سائنس کے تجربہ گاہوں میں

II. سائنس تحقیق وفروغ کے مرکز میں (Scientific R & D Centre) میں

III. یونیورسیٹیوں میں

ان میں سے

(A) صرف I (B) صرف II

(C) I اور II دونوں (D) ان میں سے سبھی

4. استاد طالب علم کے لئے ریاضی کے سوالات تیار کرتے ہیں اور انہیں خود ہی اُسے حل کرنے کی اجازت دیتے ہیں؟ استعمال کئے گئے طریقے کو

(A) Heuristic method کہتے ہیں (B) Group discussion کہتے ہیں

(C) Inductive method کہتے ہیں (D) Guided discovery method کہتے ہیں

5. سبز پودوں کو سانس لینے کیلئے گیس کی ضرورت ہے

(A) نائٹروجن (B) کاربن ڈائی آکسائیڈ

(C) آکسیجن (D) ہائڈروجن

6. انتہائی چھوٹے اجسام کو مشاہدے کیلئے جس آلہ کا استعمال کیا جاتا ہے اسے

(A) Microscope کہتے ہیں (B) Camera کہتے ہیں

(C) magnifying lens کہتے ہیں (D) telescope کہتے ہیں

7. جب بچّے کو قدرت کے مشاہدے مطالعے کیلئے لے جایا جاتا ہے جو ذریعہ یا وسیلہ سودمند ثابت ہوا اُسے

(A) Magnifying lens کہتے ہیں (B) periscope کہتے ہیں

(C) kaleidoscope کہتے ہیں (D) binocular کہتے ہیں

8. معروضی سوالات ذیل میں کس cognitive skill کی جانچ کرتے ہیں

I. سمجھنا

II. استعمال کرنا

III. تجزیہ کرنا

ان میں سے

(A) صرف I (B) I اور II

(C) I، II اور III (D) نہیں I، II اور نہیں III

9. وہ عمل جس میں ٹھوس مادّے کے ذرّے بلاواسطہ طور پر گیس کے ذرّے Molecules میں تبدیل ہو جاتے ہیں اسے

(A) Condensation کہتے ہیں (B) Sublimation کہتے ہیں

(C) Liquefaction کہتے ہیں (D) evaporation کہتے ہیں

10. سائنسی کا استاد اپنے کلاس روم کے مسائل کا سامنا کرنے کیلئے جو تحقیق کرتا ہے

(A) بنیادی تحقیق کہتے ہیں (B) سائنسی تحقیق کہتے ہیں

(C) تکنیکی تحقیق کہتے ہیں (D) عملی تحقیق کہتے ہیں

PART-II

مندرجہ ذیل کسی پانچ سوالوں کا جواب مختصراً دیں، ہر جواب نصف صفحہ سے زیادہ نہ ہو : 5 × 2 = 10

11. سماج میں سائنس اور ٹکنالوجی کے باعث دوابھرتے ہوئے مسائل کی فہرست تیار کیجئے۔

12. کوئی چار عوامل کو بیان کیجئے جسے "Inferring" نامی Process skill کو پروان چڑھانے کیلئے آپکو مشاہدے میں رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

13. طلباء کو Field trip میں پُر اثر طریقے سے شرکت کرانے کیلئے آپ کون کون سے اقدامات کرینگے ؟

14. ''ایک سبز پودے کو تاریکی میں رکھا جاتا ہے اور دوسرے پودے کو سورج کی روشنی میں۔'' اس مفروضہ کو مطالعہ کرنے کیلئے۔ متغیرہ (Variable) کی ایک فہرست بنایئے جسے غیر مبدّل (Constant) رکھا جائے اور پھر ایک Variable جو ایک تجربہ میں بدل جاتا ہے۔

15. سائنس سیکھنے میں Inquiry training model کے فوائد کیا کیا ہیں ؟

16. طلباء کے سیکھنے میں Worksheets کی اہمیت کو لکھئے۔

17. چھٹی درجہ کے طلباء کیلئے ''جاندار اور غیر جاندار'' موضوع کو پڑھانے کیلئے جن نوعیت والے ذرائع کا آپ انتخاب کرینگے اسکا ذکر کیجئے۔

18. قوانین اور نظریات کے درمیان فرق کو مع مثال لکھئے۔

PART-III

درج ذیل میں سے ہر ایک کے لئے ایک متبادل سوال ہے۔ ان میں سے کسی ایک کا جواب دیں۔ ہر جواب ایک صفحہ سے زیادہ نہ ہو۔ 8 × 5 = 40

19. چار ایسے اقدار کی وضاحت کیجئے جسے پُر اثر سائنسی تدریس سے طلباء پروان چڑھایا جاسکتا ہے۔

یا

نقل وحمل اور موصلاتی نظام کے میدان میں سائنس اور ٹکنالوجی کے رول کو مع مثال بیان کیجئے۔

20. ''پودے بخارات خارج کرتے ہیں۔'' آپ درس گاہ میں کس طرح اس حقیقت کو واضح کرنے کیلئے تجربہ کا خاکہ تیار کرینگے۔آپ اس تجربہ کے ذریعہ جو معاری ترقی کرینگے اُسکا لسٹ تیار کریں۔

یا

تجربہ کے ذریعہ آپ کس طرح رقیق کی کثافت اضافی معلوم کرینگے ؟ اس تجربہ کے ذریعہ جو معاری ترقی کرینگے اُسکا لسٹ تیار کریں۔

21. آپ (i) بینائی سے کمزور اور (ii) سماعت سے کمزور بچّوں کی تعلیم کیلئے طبعی ماحول اور سیکھنے کے وسائل کو کس طرح تشکیل دینگے ؟

یا

5E تدریسی نمونے کو ذہن میں رکھتے ہوئے اپنی پسند کے تدریسی نقشے کی ایک اکائی کو تیار کیجئے۔

22. بمطابق NCF, 2005 پرائمری سطح پر سائنس پڑھانے کے مقاصد اور اغراض کی ایک فہرست بنائیے۔

یا

سائنس پڑھانے میں (Group Discussion) پر کامیابی سے عمل درآمد کرنے میں طلباء اور اساتذہ کے رول کو بیان کیجئے۔

23. خوردہ کاری (Constructivism) کے رہنما اصول کو مختصر طور پر واضح کیجئے۔

یا

بحیثیت سائنس استاد طلباء کی متعدد ضرورت کو سائنس سیکھنے میں آپ کیسے پورا کرینگے ؟

24. بحیثیت استاد آپ اونچے پرائمیری سطح کے سائنسی نصابی کتاب کا تنقیدی تجزیہ کرنے کیلئے پرکھنے والے کس معیار کا استعمال کرینگے؟

یا

پُر اثر اور معنی خیز وسائل کے انتخاب اور استعمال کو آپ کیسے یقینی بنائیں گے ؟

25. امتیاز شُدہ کُلّی جانچ (Differentiated Summative Assessment) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ یہ کیسے سازگار ثابت ہوسکتا ہے ؟ طلباء کے متغیرہ کُلّی جانچ کے کوئی تین ذرائع کا ذکر کیجئے۔

یا

آپ سال کے آغاز سے ہی اپنے تدریس عمل میں کس طرح سے Assessment جانچ کو معنی خیز طور پر شامل کرسکتے ہیں ؟

26. تصوراتی خاکہ/نقشہ کیا ہے ؟ ''بیج کے نشو دنما'' موضوع کیلئے ایک تصوراتی خاکہ تیار کیجئے۔

یا

CCE کیا ہے ؟ یہ کس طرح سے طُلباء کے حصول علم میں معاون ثابت ہوتا ہے ؟